سوال

خانہ کعبہ پر پہلی نظر کے وقت دعا کی قبولیت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ!

کیا خانہ کعبہ کو پہلی نظر دیکھیں تو جو بھی دعا کریں، وہ قبول ہوتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خانہ کعبہ کو پہلی نظر دیکھتے وقت مانگی جانے والی دعا کی قبولیت کے حوالے سے کوئی صحیح حدیث ہمارے علم میں نہیں ہے۔ ہاں البتہ انسان اس وقت انتہائی عاجزی وانکساری اور شکرانے کے جذبات سے لبریز ہوتا ہے، اور ان جذبات کے ساتھ کی ہوئی دعا کو اللہ ضرور قبول کرتے ہیں۔ لہذا ان جذبات میں دعا کرلینے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے، لیکن اسے سنت سمجھ کر نہ کیا جائے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ